ہم نے حدیبیہ کے سال اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اونٹ کی قربانی سات افراد کی طرف سے کی اور گائے کی قربانی بھی سات افراد کی طرف سے کی

جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں: "ہم نے حدیبیہ کے سال اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اونٹ کی قربانی سات افراد کی طرف سے کی اور گائے کی قربانی بھی سات افراد کی طرف سے کی"

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے]

اس حدیث میں جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کر رہے ہیں کہ صحابہ کرام نے حدیبیہ کے سال اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ, اپنے ساتھ موجود ہدی کے جانور ذبح کیے تو آپ نے اونٹ میں سات افراد اور گائے میں بھی سات افراد کو شریک ہونے کا حکم دیا سو انہوں نے اس کی تعمیل کی, چنانچہ سات سات افراد, اونٹ اور گائے دونوں کی قربانی میں, شریک ہوتے تھے

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/64665

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY